ہوگا پارٹی قائد سردار اختر جان مینگل کو باقاعدہ طور پر اس اجلاس میں شرکت کی دعوت نہیں دی گئی تھی ایک نجی چینل کے اینکر کے سوال کے جواب پارٹی قائد نے واضح اور دوٹوک الفاظ میں یہ کہا تھا کہ اگر ہمیں دعوت دی جاتی تو تب بھی ہم اس اجلاس میں شرکت نہیں کرتے پارلیمانی کمیٹی کے اجلاس سے قبل ہی فیصلہ ہو گیا کہ وہ بلوچستان میں آپریشن میں تیزی لائی جائے گی ایسے اجلاسوں میں شرکت نہیں کی جاسکتی جس میں بے گناہ بلوچوں کے گھروں کے تقدس کی پامالی، سیاسی کارکنوں کی اغوانما گرفتاری، ماورائے آئین و قانون قتل و غارت گری جیسے اقدامات میں تیزی سے اضافہ اور اب باقاعدہ طور پر سیاسی جماعتوں کی موجودگی میں اس بات کا اعادہ کرنا

آمرانہ اقدامات نے بلوچستان کے حالات کو گھمبیر بنا دیا ہے، مالک بلوچ

کامریڈ غفار قمبرانی کی رہائش گاہ پر چھاپہ وان سمیت اہل خانہ کو ہراساں کرنا چادر و چار دیواری کے تقدس کو پامال کرنا ہے

عوام اپنے پیاروں کی بازیابی کے لیے قومی شاہراہوں پر سراپا احتجاج ہیں، انکے مسائل حل کیے جائیں، صدر نیشنل پارٹی

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ......... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

نے پارٹی کے سینئر وفکری ساتھی کامریڈ غفار قمبرانی کے گھر چھاپے و چار دیواری اور ان کو ہراساں کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ کامریڈ غفار قمبرانی پرامن سیاسی جمہوری عمل کا حصہ ہے وہ شعوری طور پر پختہ اور سنجیدہ ہے۔ نیشنل پارٹی کے سماجی تبدیلی اور بنیادی انسانی حقوق کے حصول کے فلسفے پر گامزن ہوکر جمہوری جدوجہد کررہے۔ کامریڈ غفار قمبرانی کی رہائش گاہ پر چھاپہ وان سمیت اہل خانہ کو ہراساں کرنا اور ان کا علیحدگی پسندوں سے تعلق جوڑنا تشویشناک ہے۔ جو حکمرانوں کی سیاسی جمہوری عمل کو سبوتاژ کرنے اور سیاسی کارکنوں کو دیوار سے لگانے کی منفی پالیسی ہے۔ جس کی نیشنل پارٹی بھرپور مذمت کرتی ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ سیاسی کارکنوں و اختلاف رائے کو دبانے کی آمرانہ اقدامات نے بلوچستان کے حالات کو گھمبیر بنادیا ہے۔ جبری گمشدگیوں کا نہ تھمنے والا سلسلہ شروع کیا۔ جس سے آج پورا بلوچستان اپنے پیاروں کی بازیابی کے لیے قومی شاہراہوں پر سراپا احتجاج ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ حکمران و ادارے انسانی حقوق کی پامالی، آئین و قانون کی خلاف ورزی کریں اور ان ماورائے قانون اقدامات پر اگر باشعور رہنما کارکن یا جماعت بات کریں تو ان کو انتقامی کاروائی کا نشانہ بنایا جاتا ہے۔

لاپتہ افراد کا مسئلہ انتہائی اہم اسے سنجیدگی سے لیا جائے، مولانا ہدایت الرحمن

حساس اور انسانیت سوز مسئلہ حل کیا جائے اس کے باعث لاپتہ افراد کے اہلخانہ میں شدید تشویش پائی جاتی ہے' امیر جماعت اسلامی

دوران بلوچ کے گھر پر چھاپے قابل مذمت یہ عمل قبائلی روایات کی پامالی ہے، لاپتہ افراد کے کیمپ میں ماما قدیر بلوچ کے ہمراہ پریس کانفرنس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) جماعت اسلامی بلوچستان کے امیر و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کا سب سے بڑا مسئلہ لاپتہ افراد کی بازیابی کا ہے اس حساس اور انسانیت سوز مسئلے کو حل کیا جائے کیونکہ اس کی وجہ سے لاپتہ افراد کے اہلخانہ میں شدید تشویش پائی جاتی ہے طاقت کی پالیسی ناکام ہوچکی ہے 34 نامعلوم افراد کی نعشیں سول ہسپتال لائی گئی ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں .... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

نے منگل کو عدالت روڈ پر قائم لاپتہ افراد کے کیمپ میں پریس کانفرنس کے دوران کیا اس موقع پر وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز کے وائس چیئرمین ماما قدیر بلوچ اور دیگر بھی موجود تھے مولانا ہدایت الرحمان نے کہا کہ بلوچستان کا سب سے بڑا مسئلہ لاپتہ افراد کا ہے لاپتہ افراد کا مسئلہ بہت حساس ہے اسے فوری طور پر حل کیا جائے اس مسئلے کو حل کرنا جس کی ذمہ داری ہے وہ اسے حل کرے تاکہ لاپتہ افراد کے اہلخانہ میں پائی جانے والی تشویش کا خاتمہ ہوسکے انہوں نے تنظیم کے رہنما حوران بلوچ کے گھر پر سی ٹی ڈی کے چھاپے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ گھر پر چھاپہ قبائلی روایات کی پامالی ہے ملوث اہلکاروں کے خلاف کارروائی کی جائے تاکہ انصاف کے تقاضے پورے ہوسکیں انہوں نے کہا کہ لاپتہ افراد کے مسئلے کو حل کرنے کے بجائے اسے مزید بڑھایا جارہا ہے طاقت کی بنیاد کی پالیسی ناکام ہوچکی ہے یہ اطلاعات ہیں کہ سول ہسپتال میں 34 نامعلوم افراد کی لاشیں لائی گئی ہیں اس سے لاپتہ افراد کے اہل خانہ میں تشویش پائی جاتی ہے ان معاملات کو بہتر بنانے کی ضرورت ہے اس موقع پر وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز کے وائس چیئرمین ماما قدیر بلوچ نے کہا کہ ہم گزشتہ 15 سال سے لاپتہ افراد کے احتجاجی کیمپ میں بیٹھے ہیں

بلوچستان مزید آپریشنز کا متحمل نہیں ہو سکتا، سیاسی رہنماء

امن امان کی بگڑتی صورتحال سے لگ رہا ہے کہ صوبے میں حکومت نام کوئی چیز نہیں

کوئٹہ (اے این این) سیاسی اور قوم پرست جماعتوں کی رہنماؤں نے کہا کہ بلوچستان میں ممکنہ بڑے آپریشن کی خبریں گردش کررہی ہے جن کے آنے والے وقت میں منفی اثرات مرتب ہونگے بلوچستان مزید آپریشنوں کا متحمل نہیں ہوسکتا صوبے میں امن امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال سے لگ رہا ہے کہ صوبے میں حکومت نام کوئی چیز نہیں ہر طرف لوٹ کھسوٹ کا بازار گرم ہے' ان خیالات کا اظہار رکن بلوچستان اسمبلی و رہنما نیشنل پارٹی خیر جان بلوچ......... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

بی این پی مینگل کے سابق رکن اسمبلی ثناء اللہ بلوچ' اور دیگر نے بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے مسائل کا حل طاقت، جبر یا آپریشن میں نہیں بلکہ سیاسی مکالمے اور عوام کے حقوق کے اعتراف میں مضمر ہے اگر طرح اقدامات کیے تو جلتے ہوئے بلوچستان پر تیل چھڑکنے کے مترادف ہوں گے۔ انہوں نے زور دیا کہ طاقت کے بجائے بات چیت اور مفاہمت کے ذریعے مسائل کا حل تلاش کیا جائے

CS CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily:- INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 19 MAR 2025

Page No. 16

بلوچستان میں طاقت کے استعمال سے حالات ٹھیک نہیں ہونگے، نیشنل پارٹی

مشرف کے دور سے صوبے میں پانچواں آپریشن جاری ہے، مزید شدت لانے کا فیصلہ کسی بھی صورت درست عمل نہیں ہوگا

پارلیمانی کمیٹی کے اجلاس سے قبل ہی فیصلہ ہوگیا تھا آپریشن میں تیزی لائی جائے گی، تاریخ ان فیصلوں کی توثیق کرنے والی سیاسی جماعتوں کو معاف نہیں کرے گی

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ قومی سلامتی کی پارلیمانی کمیٹی کے اجلاس میں ایک بار پھر بلوچستان میں بے گناہ معصوم بلوچوں کیخلاف آہنی ہاتھوں سے نمٹنے کے عمل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ جنرل مشرف کے دور سے بلوچستان میں پانچواں آپریشن جاری ہے اس میں بقیہ نمبر 46 صفحہ 5 پر

مزید شدت لانے کا فیصلہ کسی بھی صورت درست عمل نہیں ہوگا پارٹی قائد سردار اختر جان مینگل کو باقاعدہ طور پر اس اجلاس میں شرکت کی دعوت نہیں دی گئی تھی ایک نجی چینل کے اینکر کے سوال کے جواب پارٹی قائد نے واضح اور دوٹوک الفاظ میں یہ کہا تھا کہ اگر ہمیں دعوت دی جاتی تو تب بھی ہم اس اجلاس میں شرکت نہیں کرتے پارلیمانی کمیٹی کے اجلاس سے قبل ہی فیصلہ ہوگیا کہ وہ بلوچستان میں آپریشن میں تیزی لائی جائے گی ایسے اجلاسوں میں شرکت نہیں کی جاسکتی جس میں بے گناہ بلوچوں کے گھروں کے تقدس کی پامالی، سیاسی کارکنوں کی اغواء نما گرفتاری، ماورائے آئین وقانون قتل و غارت گری جیسے اقدامات میں تیزی سے اضافہ اور اب باقاعدہ طور پر سیاسی جماعتوں کی موجودگی میں اس بات کا اعادہ کرنا کہ آپریشن میں تیزی لاکر مظلوم ومحکوم اقوام کو صفحہ ہستی سے مٹانے کیلئے طاقت کو ہی حل گردانا گیا تاریخ ان سیاسی جماعتوں کو بھی معاف نہیں کرے گی جن کا تعلق بلوچستان سے اور انہوں نے ان فیصلوں کی توثیق کی انہی ماضی وحال کے غلط فیصلوں، فارم 47 کے حکمرانوں نے حالات کو اس نہج تک پہنچایا اور آج بھی آپریشن، طاقت کے استعمال اور اقوام کو صفحہ ہستی سے مٹانے کے فیصلے کئے جارہے ہیں بی این پی نے انسانی حقوق کی پامالی، چادر وچاردیواری کے تقدس کی پامالی، ماورائے عدالتوں قتل وغارت گری، نوجوانوں کو لاپتہ کرنے، سیاسی اکابرین کے قتل وغارت گری کیخلاف ہمیشہ آواز بلند کی بلوچستان میں گنتی کے چار چھ ایسے افراد ہیں جو ہمیشہ بلوچستان کے مسئلے کو بزور طاقت حل کرنے کے خواہاں ہیں اور ایسی دلیل دیتے ہیں کہ بلوچستان کے معاملات کو آپریشن کے ذریعے حل کیا جاسکتا ہر دور میں یہ غلط ثابت ہوا موجودہ حالات کی تمام تر ذمہ داری انہی پر ہے اعلامیہ میں مزید کہا گیا کہ بلوچستان سے پارٹی سمیت دیگر جماعتوں کے نہتے کارکنوں کی گرفتاری اور لاپتہ کرنے کا سلسلہ بند کیا جائے بلوچستان کے باشعور عوام اس بات کو ملحوظ خاطر رکھیں کہ کون کون سی جماعتیں ہیں جنہوں نے طاقت کے استعمال اور ناروا فیصلوں کی توثیق کی عوام ان کا ضرور احتساب کریں جو عوام کی بات لفاظی حد تک کرتے ہیں مگر ناروا فیصلوں کی توثیق وتجدید کرکے بلوچ نسل کشی کے عمل کا حصہ بنے جو اس میں برابر کے ذمہ دار ہوں گے آخر میں کہا گیا کہ فارم 47 کے حکمران آپریشن پر اس لئے زور دے رہے ہیں کہ جب حالات خراب اور فارم 47 کے تحت انتخابات ہوں گے تو انہیں اقتدار پر براجمان ہونے اور عوام کا استحصال کا موقع ملے گا۔

AZADI QUETTA

بلوچستان میں تعلیمی ایمرجنسی کے اعلان کے باوجود تعلیمی نظام جمود کا شکار ہے، بساک

تربت (بیورو رپورٹ) بلوچ اسٹوڈنٹس ایکشن کمیٹی کے مرکزی ترجمان نے ایک بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان اس جدید دنیا میں جہاں انسانی زندگی کے بنیادی سہولیات سے محروم ہے وہی تعلیمی نظام مخدوش حالات اور جمود کا شکار ہے بلوچستان بھر کے تعلیمی اداروں میں بنیادی انفراسٹرکچر، اساتذہ کی کمی، ٹرانسپورٹ کی عدم دستیابی سمیت بجٹ کی شدید قلت کا سامنا ہے۔ دوردراز علاقوں میں بنیادی تعلیمی ادارے سرے سے وجود ہی نہیں رکھتے، جہاں کہیں ادارے موجود ہیں وہاں بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی کے باعث داخلہ تناسب نہ ہونے کے برابر ہے اور تمام اداروں اساتذہ کی کمی اور غیر حاضری جیسے مسائل درپیش ہیں۔ بلوچستان میں ہر دور حکومت تعلیمی ایمرجنسی اور تعلیمی انقلاب کے نام پہ بلند وبالا دعوے تو کرتی ہیں، لیکن وہیں زمینی حقائق اس کے برعکس ہیں۔ کرونا وبا، سیلابوں کے بعد تعلیمی نظام کے حالات مزید ابتر ہوگئے۔ بلوچستان میں صرف بڑے شہروں بالخصوص کوئٹہ، کیچ اور خضدار میں اعلیٰ تعلیمی (بقیہ نمبر 29 صفحہ نمبر 7 پر)

ادارے برائے نام فعال ہیں مگر بدقسمتی کے ساتھ کچھ عرصے سے انہی تعلیمی اداروں کے اندر ہم ایک نئی روایت جنم لیتے دیکھ رہے ہیں جیسے کہ انتظامی مسائل کی وجہ سے بلوچستان کے بڑے اعلیٰ تعلیمی اداروں کی بندش معمول بن چکی ہے۔ بلوچستان یونیورسٹی ایک عرصے تک اساتذہ کو تنخواہیں نہ ملنے کے باعث بند رہی، جبکہ کم وبیش ایسی ہی صورتحال بیوٹمز یونیورسٹی، تربت یونیورسٹی، پنجگور یونیورسٹی، بولان میڈیکل کالج کا بھی ہے۔ اس وقت تربت یونیورسٹی اور لوامز یونیورسٹی اوتھل میں انتظامیہ کی آمرانہ رویوں کیخلاف طلبا احتجاج پر ہیں۔ کچھ عرصہ قبل بولان میڈیکل کالج میں طلبا کی معمولی جھگڑے کو جواز بنا کر پچھلے تین مہینوں سے تالا لگایا ہوا ہے۔ تعلیمی اداروں کی بندش، غیر معمولی پابندیاں، تعلیمی اداروں کے اندر ہراسمنٹ، پروفائلنگ کے واقعات بلوچستان بھر کے طالبعلموں کیلیے شدید بے چینی اور ذہنی دباؤ کا سبب بن رہے ہیں۔ رہی سہی کسر آج پوری کی گئی جب بلوچستان کے تین بڑے تعلیمی اداروں کو تاحکم ثانی بند کرنے کے نوٹیفیکیشن منظر عام پہ آئے۔ بلوچستان یونیورسٹی کی جانب سے شائع کی جانیوالی اعلامیے کے مطابق یونیورسٹی میں فزیکل کلاس معطل کردی جائیں گی اور ورچوئل ایجوکیشن سسٹم کے تحت یونیورسٹی کا تدریسی نظام تاحکم ثانی شروع کروایا جائے گا اس اعلامیے سے ہزاروں طلبا میں تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے بلوچستان میں آدھی آبادی سے زائد حصے میں انٹرنیٹ جیسی سہولت وجود نہیں رکھتی تو وہاں آنلائن کلاسز کیسے ممکن ہیں۔ وہیں بیوٹمز یونیورسٹی اعلامیے میں سیکورٹی کو جواز بنا کر ادارے کو بند کیا گیا جبکہ تربت یونیورسٹی میں ساتھی طالبعلموں کی رسٹیکشن کیخلاف جاری طلبا احتجاج کو جواز بنا کر یونیورسٹی کو بند کرنے کا اعلان کیا جا چکا ہے۔ بلوچستان کے ان بڑے تعلیمی اداروں کی یوں اچانک بندش باعث تشویش ہے جس سے ہزاروں طلبا کی تدریسی عمل متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ تنظیم بلوچستان کے باشعور عوام سے گزارش کرتی ہے کہ وہ ایسے انتظامی فیصلوں کیخلاف لب کشائی کریں اور سیاسی جماعتوں، کارکنوں کو اس مسئلے پہ سنجیدہ ہوکر حکومت وقت سے ایسے اعمال کیخلاف سختی سے جوابدہ کریں۔ تنظیم بلوچستان کے تعلیمی اداروں کی اچانک بندش کی مذمت کرتی ہے اور موجودہ حکومت، یونیورسٹیز انتظامیہ سے مطالبہ کرتی ہے کہ ہزاروں طلبا کی تعلیمی سفر میں تعطل لانے کے بجائے تعلیمی اداروں میں تدریسی عمل کو فالفور بحال کیا جائے۔

تربت میں بدامنی اور چوری ڈکیتی کی وارداتیں باعث تشویش ہیں، آل پارٹیز کیچ

تربت سٹی میں آئے روز موٹر سائیکلوں کی چوری کے واقعات پر پولیس کی خاموشی قابل مذمت اور لمحہ فکریہ ہے

تمام واقعات تسلسل کے ساتھ رونما ہورہے ہیں جو پولیس کارکردگی پر سوالیہ نشان اور پولیس وانتظامیہ کی نااہلی کے منہ بولتا ثبوت ہیں

تربت (بیورو رپورٹ) آل پارٹیز کیچ کی جانب سے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ تربت سٹی میں آئے روز موٹر سائیکلوں کی چوری کے واقعات پر پولیس کی خاموشی قابل مذمت اور لمحہ فکریہ ہے۔ آج ہی کے دن تربت شہر میں موٹر سائیکل چوروں کی جانب سے دو واقعات سامنے آئے ہیں جن میں ایک تربت مین بازار آغا خان لیبارٹری کے سامنے چوری ہوا ہے جبکہ دوسرا واقعہ آج رات دوکرم کے مقام پر پیش (بقیہ نمبر 43 صفحہ نمبر 7 پر)

آیا ہے جہاں موٹر سائیکل چوروں نے ایک موٹر سائیکل سوار کو مزاحمت پر زخمی بھی کیا ہے اس سے قبل تربت سٹی کے اہم مرکزی جامع مسجد کے سامنے بھی نمازیوں کے دو موٹر سائیکل چوری ہوئے ہیں جبکہ چند ہفتے قبل کوشقلات کے رہائشی نوجوان کو موٹر سائیکل چوروں نے مزاحمت کا نشانہ بنا یا ہے۔ یہ تمام واقعات تسلسل کے ساتھ رونما ہورہے ہیں جو پولیس کارکردگی پر سوالیہ نشان اور پولیس وانتظامیہ کی نااہلی کے منہ بولتا ثبوت ہیں، گزشتہ چند مہینوں سے یہاں کے عوام کو چوروں اور مسلح گروہوں کے ہاتھوں یرغمال بنایا گیا ہے جبکہ پولیس وانتظامیہ خواب خرگوش میں سورہے ہیں اور لاتعلق بنے ہوئے ہیں۔ رمضان کے مقدس مہینے میں عوام کی جان ومال محفوظ نہیں جبکہ چند روز پہلے سیٹلائٹ ٹاؤن میں بھی چوری کے واقعات پیش آئے تھے لیکن ابھی تک انتظامیہ و پولیس سربراہان کی کارکردگی زیرو کے برابر ہے۔ آل پارٹیز کیچ ان تمام واقعات کا ذمہ دار پولیس کو سمجھتی ہے یہ تمام واقعات پولیس کی کارکردگی پر سوالیہ نشان اور ناکامی کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ آل پارٹیز کیچ موجودہ پولیس افسران کی کارکردگی سے انتہائی مایوس ہے پولیس وانتظامیہ کی کارکردگی بہتر نہ ہوئی تو آل پارٹیز کیچ انکے خلاف سڑکوں پر نکلے گی اور عوام کے ساتھ ملکر شدید احتجاج کی طرف جائیگی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 19 MAR 2025 Page No. 17

نجی ایئرلائن کے عملے پر حملے کے الزام میں سابق کمشنر اور اس کی بیٹی گرفتار

دوران چیکنگ ایئر لائن اسٹاف کیساتھ، دوران پرواز کیبن کریو سے بدتمیزی اور تشدد کا نشانہ بنایا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ایئر پورٹ سیکورٹی فورس نے کوئٹہ سے اسلام اباد جانے والی نجی ایئر لائن کے عملہ سے بدتمیزی اور حملہ کرکے خاتون کو زخمی کرنے کے الزام میں سابق کمشنر اور اس کی بیٹی کو اپنی تحویل میں لے لیا۔ نجی ایئرلائن ذرائع نے بتایا ہے کہ کوئٹہ ایئر پورٹ پر منگل کے روز کوئٹہ سے اسلام اباد جانے والی نجی ایئرلائن میں سابق کمشنر اور ان کی بیٹی نجی ایئر لائن میں سفر کر رہے تھے اس دوران سابق کمشنر کی بیٹی نے چیک ان کرتے وقت ایئرلائن کے کاؤنٹر اسٹاف سے بدتمیزی کرتے ہوئے جہاز میں سوار ہونے کے بعد کیبن کرو سے بدتمیزی کرتے ہوئے غیر شائستہ زبان استعمال کی اور جیسے ہی طیارہ ٹیک آف کے قریب پہنچا تو خاتون نے اپنی نشست سے اٹھ کر کیبن کرو کو گالیاں دیتے ہوئے دھمکیاں دیں جس پر نجی ایئر لائن کے کپتان نے دونوں مسافروں کو طیارے سے اتارنے کی ہدایت کی جہاز سے اترتے وقت خاتون نے کیبن کرو کے رکن پر حملہ کرکے اسے تشدد کا نشانہ بنایا جس پر ایئر پورٹ سیکورٹی فورس نے سابق کمشنر اور اس کی بیٹی کو تحویل میں لے لیا، جبکہ زخمی کیبن کرو کے رکن کو اسپتال منتقل کیا گیا۔

تربت، مارٹر گولہ بی آر سی میں گر کر پھٹ گیا

تربت (نامہ نگار) تربت میں نامعلوم سمت سے فائر کیا گیا مارٹر گولہ بلوچستان ریزیڈنشل کالج (بی آر سی) تربت کے اندر گر کر پھٹ گیا مارٹر گولہ ٹیچنگ ہسپتال تربت کی او پی ڈی سے گزرتا ہوا بی آر سی کے اندر گرا خوش قسمتی سے دھماکے سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔

جیونی سے بڑی مقدار میں منشیات برآمد

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوسٹ گارڈز نے جیونی کے علاقے کنٹانی میں کارروائی کرتے ہوئے سپیڈ بوٹ میں چھپائی گئی 1864 کلوگرام اعلیٰ کوالٹی کی چرس اور 2.7 کلوگرام نشہ آور براؤن شوگر برآمد کرلی منشیات کی عالمی مارکیٹ میں مالیت 7.31 ملین ڈالر کے قریب ہے۔

INTEKHAB QUETTA

مبینہ لاپتہ نوجوانوں کی عدم بازیابی کے خلاف ایم 8 شاہراہ پر دھرنا

تربت (بیورو رپورٹ) ہیمن اور ڈنک سے مبینہ لاپتہ نوجوانوں کی عدم بازیابی کے خلاف ایم 8 شاہراہ ڈی بلوچ کے مقام پر دھرنا، ہیمن اور ڈنک سے مبینہ طور پر لاپتہ اسماعیل، نعمان رفیق اور نعیم بشیر کی عدم بازیابی کے خلاف ان کے اہل خانہ نے ڈی بلوچ پوائنٹ پر ایم 8 شاہراہ بلاک کردی ہے جس کی وجہ سے تربت گوادر، کراچی شاہراہ پر دوطرفہ ٹریفک معطل ہو کر رہ گئی ہے۔

کوئٹہ، ڈکیتی کے دوران مزاحمت پر فاروق خان بڑیچ جاں بحق

کوئٹہ (پ ر) نامعلوم مسلح افراد نے موٹر سائیکل چھیننے کے دوران مزاحمت پر فائرنگ کرکے فاروق خان بڑیچ کو قتل کردیا اور فرار ہو گئے۔ مقتول فتح محمد بڑیچ کے فرزند، محمد زبیر، محمد حنیف کے بھائی، مرحوم عبدالحکیم بڑیچ، حاجی شیر محمد، حاجی شیر زمان، نصیر احمد، بشیر احمد، حاجی عنایت اللہ اور گل زمان، منیر احمد، عصمت اللہ کے بھانجے تھے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: بلوچستان نیوز

Bullet No. 5

Dated: 19 MAR 2025

Page No. 18

پانی کا ضیاع، زراعت کا شعبہ اور زرعی ٹیوب ویلوں کی سولرائزیشن

ایک خبر کے مطابق پاکستان میں ہر سال بارشوں کا تمیں سے پینتیس ایکڑ فٹ پانی محض اس بناء پر ضائع ہوجاتا ہے کیونکہ ہم اس پانی کے تحفظ اور ذخیرے کے لئے وسائل نہیں رکھتے اور ہم نے بروقت منصوبہ بندی نہیں کی اس بابت گزشتہ روز آنے والی خبر کے مندرجات کے مطابق ملک میں بارشوں اور سیلاب کی وجہ سے سالانہ تقریباً 30 سے 35 ملین ایکڑ فٹ پانی ضائع ہوتا ہے جسے آبی ذخائر یا "ریچارج ویل" بنا کر ذخیرہ کیا جا سکتا ہے۔ واٹر مینجمنٹ ماہرین کے مطابق یہ ضائع شدہ پانی موجودہ بڑے آبی ذخائر تربیلا اور منگلا ڈیم کی پانی ذخیرہ کرنے کی مجموعی گنجائش کے برابر ہے۔ پاکستان میں سالانہ 300 سے 1000 ملی میٹر بارشیں ہوتی ہیں اور گزشتہ چند سال کے دوران موسمیاتی تبدیلی کے باعث ان کی مقدار اور شدت میں اضافہ ہوا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق پاکستان میں سال 2023ء میں مجموعی طور پر معمول سے 16 فیصد زیادہ بارشیں ریکارڈ کی گئیں جبکہ اگست 2024ء کے مہینے میں معمول سے 142 فیصد زیادہ بارشیں ریکارڈ کی گئیں۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ زمینی پانی کو ریچارج کرنے کے لئے بارش کے پانی کا استعمال خاطر خواہ مثبت تبدیلی کا باعث بن سکتا ہے۔ علاوہ ازیں آبادی میں اضافے کی وجہ سے پاکستان کے شہری علاقوں میں گزشتہ پانچ سال کے دوران روزمرہ استعمال کے لئے درکار پانی کا استعمال چار ملین ایکڑ فٹ سے بڑھ کر 10 ملین ایکڑ فٹ سے زیادہ ہوگیا ہے۔ یہ صورتحال اس بات کا تقاضا کرتی ہے کہ پانی کے تحفظ اور ذخیرے کی صلاحیت بڑھانے کے لئے منصوبہ بندی کی جائے بالخصوص ہمارے صوبے بلوچستان کے تناظر میں اگر بات کریں تو یہاں صورتحال زیادہ دگرگوں اور زیادہ غور وفکر اور پلاننگ کی متقاضی ہے پانی کے تحفظ کو یقینی بنا کر ہم نہ صرف آنے والی نسلوں کا تحفظ یقینی بنا سکتے ہیں بلکہ اس طرح ہمارے زرعی شعبے اور لائیوسٹاک پر اس کے بہتر مثبت اثرات مرتب ہوں گے بنیادی طور پر بلوچستان ایک زرعی صوبہ ہے زرعی شعبہ کسی بھی ملک کی معیشت میں بنیادی اور کلیدی اہمیت کا حامل شعبہ کہلاتا ہے اور اس بناء پر ہم اللہ تبارک وتعالیٰ کا جتنا شکر ادا کریں کم ہے کہ ہمیں اللہ تعالیٰ نے زرخیز زمینوں سے نوازا ہے بلوچستان سمیت ملک بھر میں ہر طرح کے پھل اور سبزیاں کاشت ہوتی ہیں زرعی شعبہ ملک کا سب سے بڑا پیداواری شعبہ ہے جس سے لاکھوں نہیں بلکہ کروڑوں لوگوں کا روزگار وابستہ ہے بالخصوص ہمارے صوبے بلوچستان کے تناظر میں اگر بات کریں تو صوبے کی مجموعی آبادی کا ستر ... سے وابستہ ہے مگر بدقسمتی کہیں یا المیہ لیکن عین

حقیقت یہی ہے کہ بلوچستان میں زرعی شعبہ آج بھی انتہائی تنزلی اور ابتری کا شکار ہے ایک تو پیداواری صلاحیت روز بروز کم ہورہی ہے اوپر سے فارم ٹو مارکیٹ روڈز کی عدم دستیابی سے لے کر کھاد، بیجوں اور سب سے بڑی ضرورت پانی کی قلت غرض مسائل ہی مسائل ہیں بلوچستان میں تو ہر دس سے بارہ سال کے بعد خشک سالی کی لہر آتی ہے اور ہرے بھرے باغات خشک ہوجاتے ہیں اس کے علاوہ ہر سال مون سون بارشوں میں بلوچستان کا گرین بیلٹ کہلانے والی پٹی جو سندھ سے متصل ہے وہاں ہر طرف تباہی مچ جاتی ہے ہر سال بہار، سرما اور خصوصاً مون سون کے سیزن میں بہت زیادہ بارشیں ہوتی ہیں مگر ہم اس پانی کو ذخیرہ نہیں کر پاتے اوپر سے گزشتہ کچھ عرصے سے بلوچستان سمیت ملک بھر میں بجلی بحران کے باعث بھی صورتحال ابتر ہوتی جارہی ہے اور اس بابت موجودہ حکومت کو اس بات کا کریڈٹ جاتا ہے کہ اس نے ایک انتہائی اہم اقدام اٹھاتے ہوئے بلوچستان بھر کے زرعی ٹیوب ویلوں کی سولرائزیشن کا عملی اقدام اٹھایا شمسی توانائی سے چلنے والے ٹیوب ویلز آنے والے دنوں میں زرعی انقلاب لائیں گے البتہ اس کے لئے تھوڑی سے محنت اور جانفشانی کے ساتھ ساتھ اس بات کو بھی یقینی بنانے کی ضرورت ہے کہ زمین سے صرف دھڑا دھڑ پانی نکالا ہی نہ جائے بلکہ زیرزمین پانی کے ذخائر کو ریچارج کرنے ڈیموں اور دیگر متبادل اقدامات کو بھی یقینی بنایا جائے سولرائزیشن اہم اقدام ہے جبھی تو وزیراعظم شہباز شریف نے بھی اس رائے کا اظہار کیا کہ پاکستان کی ترقی کا شمسی توانائی سے زیادہ اہمیت کا کوئی منصوبہ نہیں ہو سکتا سولر ٹیوب ویلز کیلئے ایک تہائی حصہ کسان اور باقی حصہ وفاق اور صوبے دیں گے، وفاق میں ایک تہائی کسان اور دو حصے وفاقی حکومت دے گی، یہ انقلابی قدم ہے۔ شمسی توانائی نہ صرف زراعت بلکہ صنعت وحرفت اور ہر شعبے کے لئے ناگزیر بن چکی ہے دنیا کے بہت سارے ممالک شمسی توانائی سے روزمرہ ضرورت کی تمام بجلی پیدا کررہے ہیں ایک ہم ہیں کہ ہم بہت تاخیر سے اس جانب متوجہ ہوئے ہیں توانائی کے شعبے میں سرمایہ کاری کے بھی بہت مواقع موجود ہیں ہم عوام دوست کسان دوست اور بلوچستان دوست منصوبے کو یقینی بنانے پر وزیراعظم شہباز شریف وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں ہمیں امید ہے کہ زرعی شعبے کی بحالی واستحکام اور توانائی بحران سے نمٹنے کے لئے دیگر اقدامات کے ساتھ ساتھ سولرائزیشن منصوبے کی جلد سے جلد تکمیل بھی کردی جائے گی جس کے بعد زرعی شعبہ غیر معمولی ترقی کرے گا ہماری پیداواری صلاحیت بڑھے گی اور نہ صرف کسان خوشحال ہوں گے بلکہ ملک بھی ترقی کرے گا اور بجلی کی سبسڈی کی مد میں جو اخراجات ہوتے آئے ہیں اس کی بھی بچت ہوگی

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 19 MAR 2025 Page No. 18

بلوچستان لیویز فورس پر تنقید، مورال پر منفی اثرات، حکومتی سطح پر امن کیلئے لانگ ٹرم پالیسی ناگزیر!

بلوچستان میں مخدوش صورتحال اور دہشت گردی کے واقعات میں غیر معمولی اضافہ ہوا ہے یقیناً یہ تشویشناک بات ہے۔ بلوچستان میں دیرپا امن کیلئے ماضی میں بھی اقدامات اٹھائے گئے جس میں ٹارگٹڈ آپریشن اور مذاکرات دونوں آپشن استعمال کئے گئے مگر حالات میں خاص تبدیلی نہیں آئی۔ ہر سیاسی حکومت کی یہی کوشش رہی ہے کہ بلوچستان میں مستقل اور دیرپا امن کے ساتھ یہاں کی محرومیوں کا ازالہ کیا جائے، اہم مسائل جو آئینی حدود میں ہیں انہیں حل کر کے بلوچستان کے عوام کو حقوق دیئے جائیں۔ بہرحال اب حکومتی سطح پر بڑے اور اہم فیصلوں کی ضرورت ہے جس میں صرف طاقت کا استعمال نہیں بلکہ مذاکرات کے لیے راستہ نکالنے کیلئے مختلف ذرائع استعمال کرنے ہونگے جس کیلئے بلوچستان کے تمام اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لینا ہوگا، کوششوں سے نتائج مثبت نکلنے کی امیدیں باندھنی چاہئیں۔ بلوچستان میں امن، ترقی اور خوشحالی لانے پر سب ہی متفق ہیں اب اس کیلئے حکمت عملی اور ایک مستقل لانگ ٹرم پالیسی بنانے پر غور کرنا ہوگا۔ حالیہ دہشت گردی کے واقعات کے باعث لیویز فورس پر تمام ملبہ ڈالنا زیادتی ہوگی۔ لیویز فورس بلوچستان کے بی ایریاز میں اپنے فرائض سرانجام دیتی ہے ان کے پاس وسائل، جنگی ساز و سامان کا سب کو بخوبی علم ہے۔ اپنے محدود وسائل میں رہتے ہوئے لیویز فورس کئی دہائیوں سے بلوچستان میں قیام امن سمیت دیگر جرائم کے خلاف نبرد آزما ہے اور بیشتر اضلاع میں امن وامان کی صورتحال بہت بہتر ہے۔ لیویز فورس کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے ساتھ تمام وسائل دیئے جائیں تو پھر نتائج یقیناً سامنے آئینگے۔ کوئٹہ اے ایریا میں شمار ہوتا ہے جہاں دہشت گردی کے بڑے سانحات رونما ہوئے ہیں، حال ہی میں ریلوے اسٹیشن کے اندر دھماکہ ہوا کیا پولیس، ایف سی سمیت دیگر سیکیورٹی اداروں کے اہلکاروں کی برطرفی یا بزدلی جیسے لفظ استعمال کئے گئے یقیناً نہیں چونکہ یہ فورسز کے مورال کو ڈاؤن کرنے جیسا عمل ہے۔

گزشتہ روز ڈائریکٹر جنرل لیویز فورس بلوچستان عبدالغفار مگسی نے لیویز فورس کو ہدف تنقید بنایا، انہوں نے کہا کہ بزدلی کا مظاہرہ کرنے یا ہتھیار دہشت گردوں کے حوالے کرنے والے اہلکاروں کو برطرف کیا جائے گا۔

ڈی جی لیویز فورس نے صوبے میں دہشت گرد حملوں کے دوران غفلت یا بزدلی کا مظاہرہ کرنے والے اہلکاروں کے خلاف سخت کارروائی کا اعلان کیا۔ یہ اعلان بلوچستان میں حالیہ دہشتگردی کے واقعات کے تناظر میں کیا گیا ہے۔ ڈی جی لیویز کا کہنا تھا کہ اگر کوئی اہلکار دہشت گردوں کے سامنے بزدلی دکھاتا ہے یا اپنی ذمہ داری میں غفلت برتتا ہے تو اس کے خلاف سخت تادیبی کارروائی کی جائے گی اور ایسے اہلکاروں کی دوبارہ ملازمت کی درخواستیں کسی صورت منظور نہیں کی جائیں گی۔ ڈی جی لیویز نے لیویز اہلکاروں کو دہشت گرد حملوں کا فوری اور بہادری سے جواب دینے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ لیویز فورس کو دہشت گردوں کے خلاف ہر ممکن اقدام کرنا ہوں گے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ لیویز فورس عوام کی حفاظت کیلئے تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لائے گی۔

اب اس بیان سے لیویز فورس کے جوانوں کے مورال پر اثر تو پڑے گا مگر ساتھ ہی ان کی قربانیاں جو وہ اس وقت بھی بلوچستان کے دور دراز اضلاع میں قیام امن سمیت دیگر جرائم کے خلاف دے رہی ہیں سب کو بھلا دیا جائے گا۔ لہذا بلوچستان میں امن اور خوشحالی لانا سب کی خواہش اور مقصد ہے اس کیلئے فورسز کے مورال کو ڈاؤن کرنے کے بجائے ان کی استعداد کو بڑھایا جائے نیز وفاقی اور صوبائی حکومت کی جانب سے مستقل امن کیلئے متبادل وسائل بھی بروئے کار لانے چاہئیں تاکہ امن اور خوشحالی کا حصول ممکن ہو سکے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 19 MAR 2025 Page No. 20

حکومت نے بیروزگار نوجوانوں کیلئے روزگار کے دروازے کھول دیئے ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے وہ بیروزگار نوجوان جو مایوسی اور بے یقینی کا شکار تھے صوبائی حکومت نے ان کے لیے باعزت روزگار کے دروازے کھول دیئے ہیں حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ نوجوانوں کو ریاست کے قریب لائیں گے اور انہیں ترقی کے مساوی مواقع فراہم کیے جائیں گے آج بلوچستان سے نوجوانوں کا پہلا گروپ بیرون ملک روزگار کے لیے روانہ ہو رہا ہے جو نہ صرف اپنے مستقبل کو سنواریں گے بلکہ پاکستان اور بلوچستان کے سفیر کے طور پر کام کریں گے اور اپنے گھرانوں کی کفالت اور معاشی استحکام کے ساتھ ساتھ زرمبادلہ بھجوانے کا ذریعہ بنیں گے انہوں نے نوجوانوں کو ہدایت کی کہ وہ بیرون ملک جا کر محنت دیانت اور لگن سے کام کریں اور کوئی ایسا عمل نہ کریں جس سے پاکستان کی بدنامی ہو انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو تعلیم اور ترقی کے مواقع فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے ہمارا صوبہ دیگر علاقوں سے مختلف معروضی حالات رکھتا ہے یہاں اگر کوئی نوجوان بیروزگار رہتا ہے تو وہ ریاست مخالف عناصر کے ہتھے چڑھ سکتا ہے اس لیے ضروری ہے کہ میرٹ اور گڈ گورننس کے ذریعے نوجوانوں کا ریاست پر اعتماد بحال کیا جائے وزیراعلیٰ بلوچستان نے اس موقع پر محکمہ لیبر اینڈ مین پاور اور بی ٹیوٹا کے حکام کو ہدایت کی کہ رواں سال جون تک تمام باقی ماندہ ٹرینڈ نوجوانوں کو بھی اس پروگرام کے تحت بیرون ملک بھجوانے کے عمل کو مکمل کیا جائے میر سرفراز بگٹی نے اس پروگرام کی کامیابی پر چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کی جانب سے اظہار مسرت کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ یہ منصوبہ بلوچستان کے نوجوانوں کو ایک روشن مستقبل فراہم کرنے میں سنگ میل ثابت ہوگا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: [illegible]

Bullet No. 8

Dated: 19 MAR 2025

Page No. 21

بلوچستان' وزیراعظم کی مجوزہ اے پی سی

وزیر احمد جوگیزئی

wazeerjogzai@gmail.com

بلوچستان جل رہا ہے اسکی وجہ سے اہل پاکستان پریشان ہیں، فرنٹیئر کی صورت حال سب کے سامنے ہے؟ بلوچستان کے مسائل اے پی سی میں نہیں بتائے جاسکتے ہیں۔ صوبے کا مسئلہ حقیقی الیکشن ہیں تاکہ جیوئن نمائندے اقتدار میں آئیں۔ یادش بخیر... ونٹ یونٹ کے بعد بلوچستان کی پہلی اسمبلی بنی تو گورنر بزنجو اور وزیراعلی سردار عطاء؟ اللہ خان مینگل بنے۔ جے یو آئی کی کوالیشن سے بلوچستان میں پہلی حکومت بائی گئی یوں لگ رہا تھا کہ بلوچستان ترقی کی راہ پر چل پڑا ہے لیکن شومئی قسمت کہ زیادہ عرصہ نہیں گزرا تھا کہ وفاقی حکومت نے بلوچستان حکومت پر شب خون مارا اور حکومت ختم کرکے گورنر راج لگا دیا۔ فرنٹیئر حکومت جس کی قیادت مولانا مفتی محمود احمد (والد مولانا فضل الرحمان) کررہے تھے انہوں نے رضا کارانہ طور پر بلوچستان سے یکجہتی کرتے ہوئے اپنی حکومت ختم کردی۔ اس کے بعد جو بھی الیکشن ہوتے رہے ان میں ہمیشہ اسٹیبلشمنٹ کا اثر ونفوذ رہا یوں بتدریج ہر الیکشن میں عوامی رائے کم اور من پسند نتائج زیادہ نمایاں رہے۔ آج تک بلوچستان اسمبلی لگ بھگ ساٹھ فیصد ایسے ممبران صاحبان پر مشتمل ہوتی ہے جو کسی بھی طرح اس معزز ایوان کے ممبر نہیں ہونے چاہئیں، اس طرح بلوچستان کے لوگوں اور سیاسی جماعتوں کو الیکشن سے باہر رکھنے کی کوششیں کی گئی۔ فیڈرل حکومت حقیقی بلوچ قیادت کو پبلک فورم پر لانے سے کتراتی ہے حاصل بزنجو کے الیکشن سینٹ اس کا واضح ثبوت ہے، یہ ہیں وہ حقائق جن سے بلوچستان کی سیاسی جماعتیں کمزور ہوتی گئیں آج حالت ہے کہ بیشتر ممبران اسمبلی خود اپنے اختیار اور اہمیت کو سمجھنے سے قاصر ہیں۔ حکومت کو چاہیے کہ بلوچستان میں حقیقی الیکشن کراکر جیوئن لوگوں کو سامنے لائے۔ نواب اکبر بگٹی کو جس حالت میں موت آئی یا جس طریقے سے انہیں منظر سے ہٹایا گیا کیا اس انداز سے مسائل حل ہوتے ہیں بلوچستان کا مسئلہ اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ وفاقی حکومت کے پاس مسئلہ حل کرنے کی کوئی تدبیر ہے نہ پروگرام... اگر وزیراعظم کو بلوچ مسائل حل کرنے کا شوق ہے تو بلوچی سیاسی جماعتوں کی کانفرنس بلائی جائے اور ان کو حل کرانے کی ٹاسک دیا جائے وفاقی سطح پر اے پی سی بلانے سے خوبصورت باتیں تو ہوسکتی ہیں مگر عملاً کوئی پروگرام سامنے نہیں نظر آئے گا۔

☆... سانحہ جعفر ایکسپریس

بلوچستان وہی سرزمین جہاں کی سنگلاخ چٹانوں نے صدیوں سے سورج کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال رکھی ہیں، جہاں کی ہواں میں تاریخ کی صدائیں آج بھی گردش کرتی ہیں، جہاں کے ریگزاروں میں وقت کی سلگتی ہوئی سانسیں دفن ہیں۔ یہی وہ خطہ ہے جس کی مٹی میں شہیدوں کا لہو رچ بس چکا ہے، اور یہی وہ دھرتی ہے جس پر ایک بار پھر شب گزیدہ درندوں نے خون کی ہولی کھیلی۔ ٹرین، جو صدیوں کی مسافت کا نشان بنی، جو انسانی تمدن کا گواہ تھی، جس کی پٹریاں صدیوں کے قصے سناتی تھیں، آج وحشت و بربریت کی بھینٹ چڑھ گئی۔ وہ مسافر، جو امیدوں کے چراغ جلائے، زندگی کی نگری میں اپنے خوابوں کے تعاقب میں رواں دواں تھے، آج خون میں نہلا دیے گئے۔ ٹرین کا اغوا کوئی معمولی سانحہ نہیں، بلکہ یہ وحشت ناک چیخ ہے، جو صدیوں کے سناٹوں کو چیرتی ہوئی آسمانوں تک جا پہنچی ہے۔ یہ وہ المیہ ہے جس کے آنسو وقت کی آنکھ سے ٹپک رہے ہیں، یہ وہ سسکیاں ہیں جو تاریخ کے سینے میں دفن کی جارہی ہیں۔ بلوچستان، وہی سرزمین جس کے بارے میں کہا جاتا تھا کہ یہاں چاندنی بھی سازشوں کی گواہ بن کر اترتی ہے، ایک بار پھر درندہ صفت قوتوں کی سازشوں کا شکار ہوگیا۔ یہ خون کی لکیر جو ریل کی پٹریوں پر کھنچ گئی ہے!!

☆☆☆☆☆☆☆

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 19 MAR 2025

Page No. 22

کوئٹہ کی کچھ یادیں

ڈاکٹر انوار احمد

☆☆☆

جب بھی کوئٹہ سے کوئی اچھی یا بری خبر آتی ہے تو ملتانی کو گورنمنٹ کالج کوئٹہ میں بطور لیکچرار اپنا قیام یاد آ جاتا ہے۔ مئی 1971 میں سریاب روڈ کوئٹہ کے کالج میں پہلے دن یہ دیکھ کے دنگ رہ گیا کہ ریل گاڑی کالج کی چار دیواری کے اندر سے گزر رہی ہے۔ پستے اور بادام کے درخت وہاں پہلی مرتبہ دیکھے، ایک درخت کے بارے میں مجھے بتایا گیا کہ عبدالصمد اچکزئی کے صاحب زادے محمد خان اچکزئی یہاں کبھی کبھار اپنا گھوڑا باندھتے ہیں وہ معاشیات پڑھاتے ہیں تب خیال آیا کہ معاشیات کی تعلیم نے انہیں بتایا ہوگا کہ خاندانی کار سے گھڑ سواری سستی پڑتی ہے۔ یہی نہیں اسی کالج کے کچھ شاگردوں اور رفقا کی مدد سے تعلیم و تربیت کے نئے باب کھلے۔ فیلڈ مارشل کے زمانے میں وادی کے پہاڑوں پر بم باری کا پتہ چلا، قرآن کو گواہ بنا کر ایک بوڑھے بلوچ سردار کو نیچے لاکر پھانسی دے دی گئی (شاید یہی بات یادداشت میں رہی کہ ایک روزنامے میں کئی برس بعد کالم لکھنے کا سلسلہ شروع ہوا تو وعدہ خلافی عنوان رکھا)۔

کوئٹہ تب بہت صاف ستھرا شہر تھا کتب خانے، چائے خانے اور غیر ملکی اشیاء کی فروخت کے بازار تھے، وہاں ساڑھے چار سو روپے ماہانہ تنخواہ پانے والے لیکچراروں کی جیب پر بوجھ نہیں پڑتا تھا۔ چمن زاروں میں گھرے کیفے بلدیہ کا کھانا اور چائے۔ پھر جنرل یحییٰ کی پسندیدہ دکان لال کباب کی زیارت کی اور پھر دسمبر 1971 آیا تو بہت کچھ ڈوبتا محسوس ہوا پھر سچ مچ ایک نئے امید بھرے دور کا آغاز ہوا۔ کیفے بلدیہ سے متصل باغ میں میگا فون ہاتھ میں لے کے وزیراعلیٰ سردار عطاء اللہ مینگل کو پہلی تقریر کرتے دیکھا اور سنا کہ 'شرمندہ ہوں کہ وزیراعلیٰ بن گیا ہوں، تم لوگوں کے مسئلے کوئی سردار حل نہیں کرسکتا اپنے جیسے کسی کو ووٹ دینا سیکھو۔' ان کی کابینہ میں وزیر تعلیم ایک شاعر گل خان نصیر تھا جس نے فیض کا کلام بلوچی میں ترجمہ کیا تھا، ایک اور شاعر عطا شاد سیکرٹری اطلاعات تھا۔ گورنر غوث بخش بزنجو تھے جو اسی گورنمنٹ کالج کے سابق پرنسپل پروفیسر کرار حسین کو کراچی سے لے آئے اور بلوچستان یونیورسٹی کا وائس چانسلر بنا دیا۔ وہاں بلوچ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے غصیلے طالب علموں کو کرار حسین اور خلیل صدیقی کے سامنے موم ہوتے دیکھا جب ایم اے کے ایک بارِیش طالب واجہ عبدالخالق کو چھیڑتا تو وہ کہتا واللہ کرار حسین اور خلیل صدیقی کا دل بلوچ ہے۔

وہاں بے حد خلیق زمرد حسین بھٹہ کی کتابوں کی دکان اور اشاعت گھر تھا قلات پبلشرز جنہیں نیشنل عوامی پارٹی نے 73 کے آئین کے تحت قائم ہونے والی سینیٹ کا رکن بنایا تب شاید سینیٹ کے اراکین کیلئے اسلام آباد میں ایک ایک پلاٹ کی الاٹمنٹ منظور کی گئی مگر زمرد حسین بھی ان اراکین میں سے تھے جنہوں نے جرات انکار کا مظاہرہ کیا۔ یونیورسٹی کے کئی شعبوں میں بڑے بڑے استاد آئے کرار صاحب ان سے کہتے تھے کہ میری یونیورسٹی غریب یونیورسٹی ہے اسسٹنٹ پروفیسر کا گریڈ (چھ سو روپے) سے زیادہ نہیں دے سکتا۔ امریکہ، برطانیہ میں خوب کما لیا ہے، یہاں آؤ خدمت کرو!

کیا کیا بات یاد کی جائے۔ خلیل صدیقی کو پاکستان اسٹڈیز سنٹر کا ڈائریکٹر بنایا گیا تو وہ عبداللہ جمال دینی کو لائے جن کا ''لٹ خانہ'' مشہور ہوا (تحصیل داری چھوڑو، کاغذ پنسل کی دکان کھولو)۔ انہی کی محبت میں شاہ محمد مری نے پاکستان کی تمام زبانوں کا ماہنامہ سنگت نکالا اور عشاق کے تیس سے زیادہ قافلے کتب کی صورت میں روانہ کئے۔ مگر جب یہاں کبوتروں پر چاند ماری ہوئی، انگریزی کا پرانا ہمارا ساتھی فضل باری قتل ہوا، خواتین یونیورسٹی کی بس پر خودکش حملہ کیا اور پھر وہ ٹرین اغوا ہوئی جس کے لئے پٹڑی گورنمنٹ کالج کوئٹہ اور بلوچستان سے گزرتی ہے، تب کوئٹہ کے ایک خوش نوا محسن شکیل سے ملاقات ہوئی اس نے بتایا کیفے بلدیہ بند ہوگیا ہے جس میں بیٹھنے والے مصور حنیف رامے نے ایک لڑکی (شاہین) کی تصویر بنائی تھی جو کالج میں پڑھتی تھی (بعد میں شاہین رامے ہوئیں)۔

محسن شکیل سے کہا یار دل بہت اداس ہے کوئی شعر سناؤ اس نے کہا۔

چراغ جلتے رہیں گے ہوا، بغور یہ سن
ہنر پہ تجھ کو ابھی دست گاہ تھوڑی ہے؟

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 5 Dated: Page No. 23

بلوچستان ...... محرکات اور حل

دو ٹوک

ذوالفقار احمد چیمہ

zulfiqarcheema55@gmail.com

ملک کو عدم استحکام کا شکار کیا جا رہا ہے، دہشت گرد دندناتے پھر رہے ہیں، ہر روز جید علمائے کرام اور سیکیورٹی اہلکار شہید کیے جا رہے ہیں اور عوام سمجھتے ہیں کہ حکمران صرف حکمرانی کے مزے لے رہے ہیں، چند روایتی بیانات کے سوا کچھ نہیں کیا جا رہا۔ بلوچستان کی عظیم محب وطن شخصیت میر جعفر خان جمالی کے نام سے موسوم جعفر ایکسپریس پر حملے اور بے گناہ انسانوں کی ہلاکتوں سے دل دکھی اور مضطرب ہے۔ نہتے مسافروں کے ساتھ روا رکھی جانے والی درندگی جتنی قابلِ نفرت اور قابلِ مذمت ہے، کچھ بدبختوں کی جانب سے اس درندگی کو glorify کرنے کی مذموم حرکت بھی اتنی ہی قابلِ مذمت ہے۔ دنیا کے ہر معاشرے میں وطن کی دھرتی کو مادرِ وطن کہا جاتا ہے یعنی ملک کا تقدس ماں کے تقدس کے برابر سمجھا جاتا ہے۔ اگر کوئی غنڈہ یا بدمعاش کسی کی ماں کو گالی دے یا اس کو بے توقیر کرے اور اس کا کوئی بیٹا اس غنڈے کی تعریف کرنا شروع کر دے تو ہر شخص اس بیٹے کو بے غیرت اور بدبخت قرار دے گا اور اس کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرے گا، یہ اس سانحے کا ایک پہلو ہے، دوسرا یہ ہے کہ دہشت گردوں کے خلاف آپریشن بہت اچھا ہوا۔ یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ سیکیورٹی فورسز خاص طور پر آرمی کے کمانڈوز اور سنائپرز نے بڑی مہارت اور بہادری کے ساتھ آپریشن کیا جس کے نتیجے میں یرغمالی جانیں بچانے میں کامیاب ہوئے اور بہت سے دہشت گرد مارے گئے۔ یہ ماننا پڑے گا کہ اس نوعیت کے کسی بھی چیلنج سے نپٹنے کے لیے قوم نے جب بھی فوج کو پکارا ہے فوج کے ڈسپلنڈ، ٹرینڈ، بہادر اور بے خوف جوان اور افسر فوراً پہنچے ہیں، ہمیشہ کی طرح اس بار بھی آرمی نے پیشہ ورانہ مہارت اور جرات کا مظاہرہ کیا اور توقع سے کم وقت میں دہشت گردوں کو کیفرِ کردار تک پہنچا کر حالات پر قابو پا لیا، جو قابلِ تحسین ہے۔ مگر اس کے کچھ پہلو اور بھی ہیں۔ Intelligence Failure کا جتنا بھی دفاع کیا جائے مگر اس ناکامی کو تسلیم کرنا پڑے گا۔ دہشت گرد اتنے بڑے آپریشن کی منصوبہ بندی کرتے رہے مگر کسی کو خبر نہ ہو سکی۔ اس کی ضرور انکوائری ہونی چاہیے۔ دہشت گردوں کو اندر سے جو معلومات فراہم کی گئیں، اس کا ذمے دار کون ہے؟ اسے بھی کیفرِ کردار تک پہنچایا جائے۔ مجھے پچھلے کچھ سالوں میں بارہا بلوچستان جانے کا موقع ملا ہے۔ 2013 سے 2020 تک وہاں حالات بہت بہتر تھے اور ہر سطح پر یہ تاثر نمایاں تھا کہ علیحدگی پسند عناصر عددی لحاظ سے بہت تھوڑے اور کمزور ہو گئے ہیں اور نئی ریکروٹمنٹ کے لیے بلوچ نوجوان ان کے ساتھ ملنے کے لیے تیار نہیں۔ پھر یہ کیسے ہوا کہ ان کے لیے عوام کی ناپسندیدگی اب کسی حد تک ہمدردی میں تبدیل ہو گئی، اور اب نوجوان پھر ان کی جانب راغب ہونے لگے۔ ایسا کیوں ہوا ہے؟ اس کا کون ذمے دار ہے۔ بلوچ نوجوانوں کی ریاست سے دوری ایک بڑی وجہ تو missing persons کا معاملہ ہے، مگر کئی بلوچ لیڈر میڈیا پر کھل کر کہتے ہیں کہ "دہشت گردی سے زیادہ معاملہ کرپشن اور بری گورننس کا بھی ہے۔ بلوچستان میں تعینات مختلف اداروں کے افراد پیسہ بنانے میں مگن ہیں جس کا نتیجہ یہ نکلا ہے کہ عوام میرٹ اور انصاف سے محروم ہیں، ہر سطح پر بدانتظامی ہے جس کے خطرات نتائج ظاہر ہونے لگے ہیں، بدانتظامی اور کرپشن کا فوری نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ ریاست عوام کا اعتماد کھو دیتی ہے۔ عوام، ریاست سے کٹ جاتے ہیں اور ان میں کچھ دہشت گردوں یا علیحدگی پسندوں کی جھولی میں جا گرتے ہیں۔

بلوچستان میں خارجی محرکات کا کردار سب سے اہم ہے۔ یہ بات روزِ روشن کی طرح واضح ہے کہ بی ایل اے کو پیسہ اور اسلحہ بھارت کی طرف سے فراہم کیا جاتا ہے۔ ہمارے ملک کے اندر آ کر دہشت گردی کی کارروائیاں کرنے اور اپنے اہداف کو قتل کرنے میں بھارت کا مجرمانہ کردار بالکل واضح ہے۔ چند روز پہلے بھی اس نے اپنے کارندوں کے ذریعے اپنے اہداف کو جہلم کے قریب قتل کرایا تاہم اس کی تصدیق نہیں ہے۔ اس سے پہلے وہ پاکستانی حدود کے اندر آ کر متعدد افراد کو قتل کرا چکا ہے۔ اگر پاکستان نے ایسا کیا ہوتا تو بھارت نے پوری دنیا میں شور مچا کر پاکستان کو کٹہرے میں کھڑا کیا ہوتا اور ہم ہر جگہ اپنی صفائیاں دینے کی کوشش کر رہے ہوتے۔ انتہائی افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ پاکستان کی حکومت اور فارن آفس بھارت کی دہشت گردانہ کارروائیوں کو عالمی فورمز پر اجاگر کرنے میں ناکام رہے ہیں۔ اب بھی بھارت کا کھل کر ذکر نہیں کیا جا رہا، حکومت کی یہ پالیسی ناقابلِ فہم ہے۔ داخلی محرکات میں لاپتہ افراد اور سرکاری اہلکاروں کا توہین آمیز رویہ بلوچ نوجوانوں کی alienation کی بڑی وجہ ہے، اس کے علاوہ 26 اگست 2006 کو، پاکستان کے آئین کے ساتھ ہمیشہ وفادار رہنے والے نواب اکبر بگٹی کی ہلاکت نے ناراض گروپوں کو ایک شہید فراہم کر دیا جس سے علیحدگی پسندوں کی نیم مردہ تحریک کو نئی زندگی مل گئی۔ یہ کہنا غلط نہیں ہوگا کہ جنرل مشرف کی پالیسیوں نے جو آگ لگائی تھی اس کے شعلوں نے بہت سے قیمتی اثاثوں کو بھسم کر دیا ہے۔ تیسری اہم وجہ سیاسی حقوق سے محرومی ہے۔ بلوچ عوام کا یہ گلہ بجا ہے کہ وہاں ان کے حقیقی نمائندوں پر مشتمل حکومت نہیں بننے دی جاتی۔ بلوچستان سے تعلق رکھنے والے وہ ممبرانِ اسمبلی اور سینیٹرز جو علیحدگی پسندوں کی کھل کر مذمت کرتے ہیں، وہ بھی میڈیا پر بڑے واضح انداز میں الزام لگاتے ہیں کہ بلوچستان میں سرکاری افسران کرپشن میں ملوث ہیں، چونکہ پیسہ بنانا ہی ان کی ترجیحِ اوّل ہے اس لیے ان کے اقدامات نیک نیتی اور اخلاص سے خالی ہیں، جن کی وجہ سے حالات کے بگاڑ میں بہت اضافہ ہوا ہے، ان کے بقول اسمبلی کی نشستیں اور وزارتیں بیچی جاتی ہیں، گوادر کے مقبول اور درویش صفت راہنما مولانا ہدایت الرحمٰن جو اقبالؒ کے اس شعر کی مجسم تصویر ہیں کہ

ہزار خوف ہو لیکن زباں ہو دل کی رفیق
یہی رہا ہے ازل سے قلندروں کا طریق

اور جو بلاخوف وعناد ہر جگہ سچ بولتے ہیں۔ عوام کے اس حقیقی نمائندے (جو ملک سے محبت کرتا اور دہشت گردوں کی مذمت کرتا ہے) کو ہتھکڑیاں لگا کر تذلیل کی گئی جو قابلِ مذمت تھی۔ اب حالیہ سانحے کے بعد وزیراعظم نے کوئٹہ کا دورہ کیا تو دوسرے ایم پی ایز کے ساتھ میٹنگ کی، مگر مولانا ہدایت الرحمٰن کو باہر رکھا گیا۔ یہ پالیسی پاکستان اور بلوچستان کے لیے نقصان دہ ہے۔

اب مسئلے کے حل کی جانب آتے ہیں اس میں کوئی شک نہیں کہ جعفر ایکسپریس کے واقعے کے بعد ریاست کو زبردست آپریشن کر کے اپنی برتری قائم کرنا ہوگی۔ گوریلا کارروائیاں تو کسی بھی ملک میں کی جا سکتی ہیں، اس لیے اختر مینگل کی ٹویٹ کا حقائق سے کوئی تعلق نہیں۔ مگر ریاست کو بلوچستان میں بڑا منظم اور موثر آپریشن کر کے اپنی کمزوری کا تاثر زائل کرنا ہوگا۔

میاں نواز شریف ایک بڑی پارٹی کے صدر اور سب سے سینئر سیاستدان ہیں، لاہور کی پرانی عمارتوں کی بحالی ان کا کام نہیں، ملک کے دو صوبوں میں آگ لگی ہے۔ اس آگ کو بجھانے اور ملک کو امن اور استحکام سے ہمکنار کرنے کے لیے انھیں بھرپور کردار ادا کرنا چاہیے، میں پھر کہوں گا کہ 2014 کی طرح میاں صاحب ملک کی تمام سیاسی قیادت کو بلا کر ایک میز پر بٹھائیں ان کے ساتھ آصف علی زرداری، مولانا فضل الرحمٰن، محمود اچکزئی، ڈاکٹر مالک بلوچ اور ہدایت الرحمٰن بھی بیٹھے ہوں اور کوئی متفقہ لائحہ عمل طے کریں۔

بلوچستان میں سرکاری اداروں کے سربراہ ایسے لوگ مقرر کیے جائیں جو باصلاحیت، معاملہ فہم اور جرات مند ہوں۔ جن کے کردار پر کوئی انگلی نہ اٹھا سکے، گورننس بہتر کی جائے، سرکاری دفتروں میں میرٹ اور انصاف نظر آئے اور عام آدمی کو عزت اور احترام دیا جائے۔ وزیراعظم اور آرمی چیف کوئٹہ جا کر مولانا ہدایت الرحمٰن اور جے یو آئی کے مشران سے اور سابق وزرائے اعلیٰ ڈاکٹر مالک اور نوابزادہ زہری سے علیحدہ علیحدہ میٹنگیں کریں جس میں اور کوئی شخص شامل نہ ہو اور مسئلے کی تشخیص کے لیے ان سے رائے اور مشورے لیں۔ بلوچستان کے حقیقی نمائندوں سے مشاورت کے بعد بلوچستان میں short term اور long term پالیسیاں بنائی جائیں۔ انٹیلی جنس کی ناکامیوں پر قابو پایا جائے۔ سب سے موثر ذریعہ Human intelligence ہے۔ اس سلسلے میں پولیس سے مدد لی جائے اور ہر شہر میں ریاست کے حامیوں کی حوصلہ افزائی کی جائے۔

گوادر، پنجگور اور تربت وغیرہ میں امن وامان کے بارے میں پولیس افسران اور عسکری کمانڈرز باہمی مشاورت سے پالیسی تشکیل دیں۔ دہشت گردی سے نمٹنے کے لیے پالیسی کی سمت ایک ہونی چاہیے۔ اور اتھارٹی اور کمانڈ بھی ایک ہونی چاہیے۔ مختلف اور متحارب پالیسیوں کا تاثر ختم ہونا چاہیے۔ ریاست کے حامی عناصر کے نوجوانوں کو عسکری اداروں میں بھرتی کیا جائے۔ اس کے علاوہ آٹھ سے دس ہزار بلوچ نوجوانوں کو سرکاری اور غیر سرکاری اداروں میں نوکریاں دی جائیں۔ بلوچستان کے حقیقی نمائندوں کو حکومت میں اور فیصلہ سازی کے عمل میں شامل کیا جائے۔ بلوچستان میں پنجاب لیول کا سی ٹی ڈی قائم کیا جائے اور انھیں جدید ترین ہتھیاروں سے مسلح کیا جائے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 8

Dated: 19 MAR 2025 Page No. 24

دہشت گردوں کو کچلنا ہوگا

خیالِ حمید

حمید اللہ مکی

جعفر ایکسپریس پر حملہ دہشت گردی ہے جسے اور کوئی نام نہیں دیا جا سکتا اس سے پہلے کہ پانی سر سے گزر جائے جو بھی دہشت گردی میں ملوث اور ملک کی جڑیں کھوکھلی کرنے میں مصروف ہے اسے بلا تاخیر عبرتناک انجام تک پہنچانا اور کچلنا ہوگا۔ اس میں کوئی شائبہ نہیں کہ ہمارے ریاستی اداروں میں اتنی استعداد ہے کہ وہ اندرونی و بیرونی اشتراک سے ہونے والی دہشت گردی کا خاتمہ کرنے کی صلاحیت کے ساتھ ملک کی جغرافیائی سرحدوں کو پامال کرنے جیسی مذموم سازشوں کا دندان شکن جواب دینے کی طاقت رکھتے ہیں۔ اس لیے ارباب اختیار فوری طور پر دہشت گردوں کے خلاف حکمتِ عملی بنائیں تاکہ عملی کارروائی میں تاخیر نہ ہو کیونکہ فیصلہ کن اور نتیجہ خیز اقدامات حالات کا تقاضا ہیں بلا جواز تاخیر سے کسی بڑے نقصان کا اندیشہ بڑھ سکتا ہے۔

معاشی بحالی سرمایہ کاری کے بغیر ممکن نہیں بلاشبہ سرمایہ کاری کے لیے امن ناگزیر ہے لیکن دہشت گرد ایسی کوششوں کو سبوتاژ کرنا چاہتے ہیں ٹرین کو اغوا کرنے اور مغویوں کو مارنے والوں کے بھیانک مقاصد بڑے واضح ہیں وہ ملک کا روشن چہرہ داغدار کرنا چاہتے ہیں تاکہ پُرامن پاکستان کی نفی ہو اور سرمایہ کار ڈر کر چلے جائیں جسے سمجھ کر حکمتِ عملی ترتیب دینا ضروری ہے۔

آپریشن شروع کرنے سے قبل ہی اکیس افراد کا قتل ثابت کرتا ہے کہ ٹرین پر حملے میں ملوث لوگ بے رحم اور سفاک ہیں اور ملک میں خوف و ہراس پھیلانا چاہتے ہیں مقامِ شکر کہ ریاستی اداروں نے دہشت گردوں کا پیغام سمجھنے میں کوئی تاخیر نہیں کی حالانکہ دہشت گردوں نے مغویوں کے تین گروپ بنا کر خودکش حملہ آوروں کی تحویل میں دے کر ہدایت کر رکھی تھی کہ جوابی کارروائی کی صورت میں خود سمیت سب کو اڑا دیں۔ ایسی وحشت و سنگدلی کا مظاہرہ کرنے والوں کو انہی کی زبان میں جواب دینے کی ضرورت ہے۔ ریاستی اداروں نے چند گھنٹوں میں ہی خودکش حملہ آوروں کو نشانہ بنا کر نہ صرف سیکڑوں مغویوں کو بحفاظت بازیاب کرا لیا بلکہ ملوث تمام 33 دہشت گردوں کو بھی جہنم واصل کر دیا، اس دوران چار فوجی جوان بھی شہادت کے مرتبے پر فائز ہو گئے۔ ایسے وقت میں جب پیاروں کو کھونے کا صدمہ شدید ہے۔ دہشت گردوں کے خلاف سرعت سے کارروائی پر بھی پوری قوم میں عسکری قیادت کے متعلق تشکر کے جذبات عروج پر ہیں۔ مزید اطمینان کا پہلو یہ ہے کہ ٹرین حملہ کی عالمی برادری نے کھل کر مذمت کرتے ہوئے پاکستان کو حمایت کا یقین دلایا ہے، سازگار فضا کو غنیمت جانتے ہوئے دہشت گردی کا ناسور ختم کرنے پر فی الفور کام شروع کیا جائے۔

ٹرین پر حملے سے واضح ہو گیا ہے کہ دہشت گردوں نے رولز آف گیم بدل دیے ہیں وہ انسانی جانوں سے کھیلتے ہوئے کوئی تفریق نہیں کرتے۔ یہ بلوچ حقوق کی جدوجہد ہرگز نہیں۔ اس لیے جو دہشت گردی کو محرومی کا نتیجہ قرار دیتے ہیں وہ بھی اپنے طرزِ عمل پر نظرثانی کر لیں۔ دنیا بھر میں جو تنظیمیں مسلح جدوجہد میں مصروف ہیں وہ مذاکرات کے دروازے کبھی بند نہیں کرتیں۔ حماس اور طالبان جیسی تنظیموں نے بھی مذاکراتی عمل کی اہمیت تسلیم کرتے ہوئے جارح قوتوں سے بات چیت کی اور مطالبات منوائے جب کہ بلوچستان تو پاکستان کا حصہ ہے لیکن بلوچ حقوق کے نام پر دہشت گردی کرنے والے تو بات چیت سے انکاری اور پہاڑوں پر جا بیٹھے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے ان کے عزائم کچھ اور ہیں لہٰذا جب دہشت گردوں نے رولز آف گیم بدل دیے ہیں تو ریاستی ادارے بھی شہریوں کو نشانہ بنانے والوں کو چن چن کر ماردیں اور ان کا وہی حشر کریں جو تامل تنظیم اور اس کے سربراہ پربھاکرن کا ہوا۔

پاکستان میں دہشت گردی کے واقعات میں بیرونی ہاتھ کے ملوث ہونے میں کوئی ابہام نہیں لیکن اس میں بھی کوئی دو رائے نہیں کہ بین الریاستی نیٹ ورک مقامی سہولت کاروں کے تعاون کے بغیر نہیں چل سکتا لہٰذا جب ریاستی ادارے دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں کریں تو جرم میں مدد اور معلومات دینے، مالی تعاون کے ساتھ ہتھیار فراہم کرنے اور ظالم کو مظلوم اور حق بجانب بنا کر پیش کرنے والوں کو بھی نظرانداز نہ کریں۔ اب جبکہ صوبہ میں سی پیک کی صورت میں ترقی کا عمل زور و شور سے جاری ہے گوادر ایئرپورٹ فعال ہو چکا اور دنیا میں پاکستان بارے مثبت رائے فروغ پذیر ہے جسے دہشت گرد سبوتاژ کرنا چاہتے ہیں اس لیے بہتر ہوگا کہ دہشت گردی میں ملوث افراد سے لیکر سہولت کاروں تک کو بیک وقت نشانے پر رکھا جائے۔

بلوچ حقوق کے نام پر دہشت گردی کرنے والوں کا صوبہ میں تعلیم و صحت کے منصوبوں پر کام کرنے والوں کو نشانہ بنانا ثابت کرتا ہے کہ حقوق کی بات محض جواز ہے اگر بلوچوں سے مخلص ہوتے تو صحت و تعلیم کے منصوبوں پر کام کرنے والوں سے تعاون کرتے کوئلہ و دیگر معدنیات کی کانوں میں کام کرنے والے کان کنوں کو صوبہ سے نکالنے کی راہ ہموار نہ کرتے اب تو دنیا گلوبل ویلج بن چکی ہے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 5

Dated: 19 MAR 2025 Page No. 25

جعفر ایکسپریس سانحہ: امن و امان کیلئے اتفاق رائے سے منصوبہ بندی کی ض

کوئٹہ سے رضا الرحمان کا تجزیہ

بلوچستان میں امن و امان کی بگڑتی صورتحال کے باعث صوبے میں سیاسی اور انتظامی تبدیلیوں کے حوالے سے بڑوں میں غور و خوض کی بازگشت سنائی دے رہی ہے۔ عیدالفطر سے قبل ایکشن ہونے کے قوی امکانات بڑھ گئے ہیں جبکہ وفاقی حکومت نے بلوچستان کے مسئلے پر آل پارٹیز کانفرنس بلانے کا فیصلہ کیا ہے، دوسری جانب ملکی تاریخ میں پہلی مرتبہ ٹرین کے اغواء کے واقعہ نے ملک کے سیاسی ایوانوں کو ہلا کر رکھ دیا ہے۔ جعفر ایکسپریس کے اغواء اور مسافروں کو یرغمال بنانے کے علاوہ سینکڑوں لوگوں کو قتل کرنے کے افسوسناک اور دل دہلا دینے والے اس واقعے کے بعد بھی صوبے میں دہشت گردی کے تابڑ توڑ واقعات نے بلوچستان کی مخلوط حکومت کے مستقبل پر سوالیہ نشان لگا دیا ہے جبکہ بلوچستان کے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے ان افسوسناک اور دہشت گردی کے واقعات پر ایک مرتبہ پھر بلوچستان اسمبلی اور اسلام آباد میں میڈیا ٹاک کے دوران صوبے سے دہشت گردی کے خاتمے اور حکومتی رٹ کو برقرار رکھنے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ دہشت گرد بندوق کے زور پر صوبے میں امن و امان کو سبوتاژ کرنا چاہتے ہیں۔ حکومت پوری قوت سے دہشت گردی کا قلع قمع کرے گی۔ ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ زندگی جاتی ہے تو چلی جائے بندوق کا جواب بندوق سے دیا جائے گا جو تشدد نہیں کرتے انہیں سو مرتبہ گلے لگائیں گے ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ بلوچستان کا مسئلہ مذاکرات سے حل ہوتا ہے تو حکومت اور ریاست مذاکرات کیلئے تیار ہیں۔ جعفر ایکسپریس پر حملے کے واقعے کے اگلے روز ہی وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف، آرمی چیف جنرل عاصم منیر، ڈپٹی وزیراعظم اسحاق ڈار، وفاقی وزراء اور دیگر اعلیٰ حکام ایک روزہ دورے پر کوئٹہ پہنچے جہاں وزیراعظم کی زیر صدارت ایک اعلیٰ سطحی اجلاس بھی منعقد ہوا۔ اس موقع پر وزیراعظم میاں شہباز شریف کا کہنا تھا کہ بلوچستان اور کے پی کے میں دہشت گردی ختم ہونے تک ملک ترقی نہیں کر سکتا۔ دہشت گردی کے خاتمے کیلئے قومی یکجہتی کی اشد ضرورت ہے۔ پورے ملک اور فوج کی قیادت کو بٹھا کر دہشت گردی کے خاتمے ایک نکتے پر بات کریں گے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ملک کی ترقی اور دہشت گردی کے خاتمے کیلئے آل پارٹیز کانفرنس بلائی جائے گی۔ ادھر بلوچستان اسمبلی نے صوبے میں دہشت گرد گروپوں کے خلاف فوری کارروائی عمل میں لانے کو یقینی بنانے اور دہشت گردی کے واقعات کے خلاف ایک قرارداد متفقہ طور پر منظور کر لی ہے۔ قرارداد کی حمایت کرتے ہوئے حکومتی اور اپوزیشن ارکان نے جعفر ایکسپریس اور معصوم مسافروں کو یرغمال بنانے کے عمل کی مذمت کی ہے۔ سیاسی مبصرین کے مطابق بلوچستان میں اس وقت پیپلز پارٹی، ن لیگ اور باپ پارٹی کی مخلوط حکومت ہے۔ سرفراز بگٹی کی مخلوط حکومت کے قیام کو ایک سال کا عرصہ ہو چکا ہے اس ایک سال کے دوران صوبے میں امن و امان کی صورتحال گزرتے دنوں کے ساتھ بگڑتی گئی ہے

جبکہ اندرونی طور پر بگٹی حکومت کو بھی سیاسی طور پر غیر مستحکم کرنے کیلئے ان کی اپنی جماعت پی پی پی کے پارلیمانی گروپ میں بھی گڑبڑ رہی ہے اسی طرح ان کی بڑی اتحادی جماعت ن لیگ بھی ان سے بعض معاملات میں نالاں ہے۔ ن لیگ کی جانب سے یہ بیانات بھی آتے رہے ہیں کہ بلوچستان میں حکومت سازی کے دوران اڑھائی اڑھائی سال کی حکومت کا فارمولہ بھی طے ہوا ہے

جس کے تحت بلوچستان میں اگلے اڑھائی سال کیلئے ن لیگ حکمرانی کرے گی اور پی پی پی کے دور میں ان کے ساتھ جو رویہ روا رکھا گیا ہے اسی طرح ن لیگ بھی اگلے اڑھائی سال ایسا ہی رویہ پی پی پی کے ساتھ رکھے گی جبکہ پی پی پی کی جانب سے ایسا کوئی بھی فارمولہ طے کئے جانے کی سختی سے تردید کی جا رہی ہے۔ تاہم پی پی پی کے پارلیمانی گروپ کے اندر وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی کے خلاف ایک لابی سرگرم ضرور ہے۔ ان سیاسی مبصرین کے مطابق صوبے میں حالیہ امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال میں اس لابی نے اپنی سرگرمیاں مزید تیز کر دی ہیں جس کے باعث بلوچستان میں سیاسی و انتظامی تبدیلیوں کے حوالے سے مختلف کارنرز میں سرگوشیاں ہو رہی ہیں اور اس بات کا قوی امکان ہے کہ عیدالفطر سے قبل کوئی ایکشن ہو جائے۔ ان مبصرین کے مطابق بلوچستان کی قوم پرست و مذہبی جماعتیں بلوچستان کی موجودہ مخلوط حکومت کو ناکام حکومت قرار دے رہے ہیں اور موجودہ بگٹی حکومت پر شدید تنقید کرتے ہوئے یہ الزام عائد کیا جا رہا ہے کہ اسی دور میں کرپشن میں اضافہ ہوا ہے۔ صوبے میں حکومت کی رٹ نہ ہونے کے برابر ہے جبکہ کرپشن کو کنٹرول کرنے میں بھی حکومت ناکام ہو گئی ہے۔ بلوچستان اسمبلی نے اپنے حالیہ سیشن کے دوران صوبے میں ماہی گیری کارڈ کے اجراء سے متعلق ایک قرارداد کو منظور کر لیا ہے۔ یہ قرارداد ایوان میں جماعت اسلامی کے رکن اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن نے پیش کی جس میں انہوں نے یہ موقف اختیار کیا کہ ماہی گیری ایک محنت طلب شعبہ ہے۔ ماہی گیر سمندر کی لہروں میں اپنا رزق تلاش کرتے ہیں لیکن ٹرالر مافیا کی جانب سے سمندری حیات کی نسل کشی نے مقامی ماہی گیروں کو شدید متاثر کیا ہے اگر ماہی گیری پر سنجیدہ توجہ دی جائے تو صرف فشریز سے صوبے میں اڑھائی لاکھ سے تین لاکھ تک لوگوں کو روزگار میسر آ سکتا ہے اور حکومت فشریز سے زرمبادلہ کی مد میں اربوں روپے کما سکتی ہے انہوں نے حکومتی اور اپوزیشن ارکان سے درخواست کی کہ صوبے کے ماہی گیروں کو کارڈ کے اجراء کیلئے اس اہم نوعیت کی قرارداد کی حمایت کریں۔ ایوان نے ان کی یہ قرارداد اتفاق رائے سے منظور کر لی۔ بلوچستان اسمبلی اجلاس میں اپوزیشن ارکان نے سی پیک منصوبے میں بلوچستان کو نظرانداز کرنے پر ایک مرتبہ پھر وفاق کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے کہا ہے کہ سی پیک بلوچستان کیلئے نہیں بلکہ سی پیک کے نام پر بلوچستان کے عوام کو دھوکا دیا گیا ہے، سی پیک کے تحت بلوچستان میں ایک کلومیٹر سڑک نہیں بنی، اگر بلوچستان اور گوادر نہ ہوتے تو سی پیک کا منصوبہ نہیں بنتا، جبکہ صوبائی وزراء نے کہا ہے کہ سی پیک کے تحت بلوچستان میں منصوبے ہیں، آئندہ اجلاس میں ان کی تفصیلات اراکین اسمبلی کے سامنے رکھی جائیں گی مگر اراکین کنفیوز ہیں، اراکین اسمبلی گوادر جا کر پہلے سی پیک منصوبے دیکھیں، سیاسی مبصرین کے مطابق چین پاکستان اقتصادی راہداری کی ابتداء تو بہت دھوم دھام سے ہوئی تھی اور اسے پاکستان کے لیے گیم چینجر قرار دیا جاتا رہا ہے لیکن یکا یک سی پیک میں شامل منصوبوں کی ڈیڈ لائن مس ہونے لگیں جس سے منصوبوں کی اہمیت پر سوالات اٹھ رہے ہیں، سیاسی مبصرین کے مطابق میگا پروجیکٹ سے حاصل ہونے والے محصولات اور سرمایہ کو بلوچستان کے لوگوں پر خرچ کر کے ہی صوبے سے پسماندگی کا خاتمہ کیا جا سکتا ہے۔